شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

25فروری2026ء

پریس ریلیز

پاکستان اور افغانستان اشتعال انگیزی، نفرتوں کو بڑھانے اور قتل وغارت گری کی بجائے صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔

اسرائیل، امریکہ اور بھارت اپنی عالمی گریٹ گیم میں پاکستان اور افغانستان کے مابین تلخیاں بڑھانے کے منصوبے پر عمل پیرا ہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): پاکستان اور افغانستان اشتعال انگیزی، نفرتوں کو بڑھانے اور قتل وغارت گری کی بجائے صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔ اسرائیل، امریکہ اور بھارت اپنی عالمی گریٹ گیم میں پاکستان اور افغانستان کے مابین تلخیاں بڑھانے کے منصوبے پر عمل پیرا ہیں۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان نہ صرف برادر ملک ہیں بلکہ ہمسایہ بھی ہیں گویا اسلام کے نقطۂ نظر سے وہ اخوت اور احترام کے رشتے میں بندھے ہوئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ امریکہ ابھی تک افغانستان میں اپنی شکست کو بھلا نہیں پایا۔ پھر یہ ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں گریٹر اسرائیل کے منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے امریکہ اور بھارت دونوں اسرائیل کی بھرپور معاونت کر رہے ہیں۔ امریکہ ایران پر حملے کی تیاری مکمل کر چکا ہے۔ باطل قوتیں یہ بھی جانتی ہیں کہ احادیثِ مبارکہ میں مستقبل کا جو منظر نامہ بیان کیا گیا ہے اُس میں اُن کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ خراسان کا خطہ ہو گا جس میں پاکستان کا کچھ حصہ اور افغانستان بھی شامل ہیں۔ لہٰذا وہ کسی قیمت پر پاک افغان تعلقات کو بہتر ہونے نہیں دے رہے۔ امریکہ کبھی افغان طالبان کے خلاف کارروائی کے لیے پاکستان کو شہہ دیتا ہے اور پاکستان کے حکمران وریاستی ادارے سرحد پار دہشت گردوں کے خاتمے کے نام پر افغان سرزمین پر فضائی حملے کر کے مبینہ دہشت گردوں کو ہلاک کرنے کے ساتھ بے گناہ شہریوں کو بھی شہید کر دیتے ہیں۔ پھر یہ کہ افغانستان کی سرزمین کو استعمال کرتے ہوئے ٹی ٹی پی اور دیگر طاغوتی قوتوں کے ایجنٹوں سے پاکستان میں دہشت گردی کا ارتکاب کرواتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان کے لیے یہ دہشت گردی یقیناً ناقابل برداشت ہے لیکن حکومتِ پاکستان کو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ اگر افغان حکومت کی پورے افغانستان پر رِٹ قائم نہیں تو اُن کی اسلامی اخوت کی بنیاد پر اِس معاملہ میں مدد کرنا ہماری ذمہ داری بھی ہے۔ ضرورت اِس امر کی ہے کہ پاکستان اور افغانستان اپنے اِس مشترکہ دشمن کی عیاری اور سازش کو سمجھیں اور باہم مذاکرات کر کے تمام مسائل کا حل خود نکالیں۔ دونوں ممالک مل کر حقیقی دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کریں۔ دونوں ممالک احادیث میں مذکور خراسان کے خطے کو عملی تعبیر دینے کے لیے متحد ہو کر جدوجہد کریں تاکہ طاغوتی قوتوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا جاسکے۔

جاری کردہ

رضاءالحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: February 25th, 2026

Pakistan and Afghanistan must demonstrate patience and restraint instead of provocation, escalating hatred, and bloodshed.

Israel, America, and India are advancing a plan in their global Great Game to intensify tensions between Pakistan and Afghanistan.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that Pakistan and Afghanistan are not only brotherly countries but also neighbors, and from the Islamic perspective they are bound together in a relationship of fraternity and mutual respect. The reality, he said, is that America has still not forgotten its defeat in Afghanistan. Furthermore, to advance the Greater Israel project in the Middle East, both America and India are fully supporting Israel. America has completed preparations for an attack on Iran. The forces of falsehood also know that according to the blessed Ahadith, the future scenario foretold identifies the region of Khorasan – which includes parts of Pakistan and Afghanistan – as the greatest obstacle in their path. Therefore, they are not allowing Pak-Afghan relations to improve at any cost. At times America incites Pakistan to take action against the Afghan Taliban, and Pakistan's rulers and state institutions, in the name of eliminating cross-border terrorists, carry out airstrikes on Afghan soil that result not only in the killing of alleged militants but also in the shahadah of innocent civilians. Moreover, by using Afghan territory, it facilitates acts of terrorism inside Pakistan through the TTP and other agents of Taghut forces. He said that this terrorism is certainly intolerable for Pakistan; however, the Government of Pakistan must also understand that if the Afghan government does not have full writ across its territory, then on the basis of Islamic brotherhood it is also our responsibility to assist them in this matter. He stressed that Pakistan and Afghanistan must recognize the cunning and conspiracy of this common enemy and resolve all issues through mutual dialogue. Both countries should jointly conduct intelligence-based operations against genuine terrorists and unite in striving to give practical expression to the region of Khorasan mentioned in the Ahadith, so that the sinister objectives of Taghut forces may be defeated.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat